PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

ایچ بی ایل پی ایس ایل 6: فیکٹ فائنڈنگ پینل کا اعلان کر دیا گیا

لاہور، 7 مارچ 2021ء:

وبائی امراض کے ماہر ڈاکٹر سید فیصل محمود اور ڈاکٹر سلمہ محمد عباس پر مشتمل 2 رکنی فیکٹ فائنڈنگ پینل کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ یہ پینل ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 6 کے لیے مقررہ بائیو سیکیور پروٹوکولز اور اس سے جڑے ضمنی قوانین کا از سر نو جائزہ لے گا۔

ڈاکٹر سید فیصل محمود آغا خان یونیورسٹی میں شعبہ وبائی امراض میں بطور سیکشن ہیڈ اور اسسٹنٹ پروفیسر ذمہ داریاں نبھا رہے ہیں۔ ڈاکٹر سلمہ محمد عباس شوکت خانم میموریل کینسر ہسپتال اور ریسرچ سنٹر لاہور میں بطور کنسلٹنٹ برائے وبائی امراض اینڈ جنرل میڈیسن کی حیثیت سے فرائض انجام دے رہی ہیں۔

یہ پینل 31 مارچ تک اپنی سفارشات اور تجاویز چیئرمین پی سی بی احسان مانی کو پیش کرے گا۔

اس آزاد پینل کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 6 کے لیے تیار کردہ کوویڈ 19 ایس او پیز کا ایک جامع اور تفصیلی جائزہ لینے کے بعد وہاں موجود کسی بھی خامی کی نشاندہی کرے اور ہمیں سفارشات پیش کرے کہ یہ بائیو سیکیور ماحول کوویڈ فری کیوں نہ رہ سکا۔

احسان مانی، چیئرمین پی سی بی:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین احسان مانی کا کہنا ہے کہ پی سی بی اپنے کھلاڑیوں، اسپورٹ اسٹاف اور اپنے میچ آفیشلز کی صحت اور حفاظت سے متعلق بہت سنجیدہ ہے، ہم زمبابوے اور جنوبی افریقہ کے خلاف ہوم سیریز اور حالیہ ڈومیسٹک سیزن کے 9 ٹورنامنٹس میں اس کا عملی مظاہرہ بھی کرچکے ہیں۔ اس میں نیشنل ٹی ٹونٹی کپ، قائداعظم ٹرافی اور پاکستان کپ بھی شامل ہیں۔

انہوں نے کہا کہ دوماہرین پر مشتمل اس آزاد پینل کی تقرری کا واحد مقصد ایک ایماندارانہ، تعمیری اور بامقصد جائزہ لینا ہے۔

چیئرمین پی سی بی نے مزید کہا کہ یہ آزاد پینل ایونٹ اور ہوٹل کے عملے، میڈیکل اینڈ کمپلائنز افسران، ٹیموں کے کھلاڑیوں اور منیجمنٹ سمیت تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے رابطہ قائم کرے گا تاکہ ہمیں بہتر اندازہ ہوسکے کہ یہ کیسز کیسے سامنے آئے۔

انہوں نے مزید کہا کہ اس تفصیلی جائزے کے بعد یہ آزاد پینل اپنی سفارشات ہمیں پیش کرے گا۔

آزاد پینل کا تعارف:

ڈاکٹر سید فیصل محمود:

- سال 2002 میں امریکی بورڈ برائے وبائی امراض میں بطور ڈپلومیٹ
- سال 2004 میں امریکی بورڈ برائے انٹرنل میڈیسن
- سال 1997 میں دی آغا خان یونیورسٹی سے ایم بی بی ایس
- اسسٹنٹ پروفیسر اینڈ سیکشن ہیڈ برائے وبائی امراض، دی آغا خان یونیورسٹی
- سربراہ کنٹرول کمیٹی برائے وبائی امراض، دی آغا خان یونیورسٹی

ڈاکٹر سلمہ محمد عباس:

- سال 2018 ایم پی ایچ (امریکہ)
- سال 2017 میں امریکی بورڈ برائے وبائی امراض میں بطور ڈپلومیٹ

- سال 2015 میں امریکی بورڈ برائے انٹرنل میڈیسن
- سال 2010 میں دی آغا خان یونیورسٹی سے ایم بی بی ایس

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications